66105-ایک شخص کی نماز فجر رہ گئی اور اس نے لوگوں کو سورج گرہن کی نماز پڑھتے ہوئے پایا

سوال

اگر کوئی شخص نماز فجر سے رہ جائے اور امام سورج یا چاند گرہن کی نماز ادا کر رہا ہو تو کیا وہ اس کے ساتھ مل جائے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو اسے علم
ہو کہ امام چاند یا سورج گرہن کی نماز ادا کر رہا ہے تو پھر وہ اس کے ساتھ نہ ملے ،
کیونکہ دونوں نمازوں کی حالت مختلف ہے ، نماز خسوف یا کسوف باوجود اس کے کہ دو رکعت
ہیں لیکن ہر رکعت میں دو رکوع اور دو قیام اور دو بار قرآت ہے .

اور جو شخص جاہل ہو کہ امام چاند یا
سورج گرہن کی نماز ادا کر رہا ہے اور وہ اس کے ساتھ نماز فجر کی نیت سے شامل ہو جائے
تو جیسے ہی اسے علم ہو کہ امام گرہن کی نماز ادا کر رہا ہے اسے امام سے علیحدہ اور
منفرد ہونا واجب ہے ، اور وہ اپنی فجر کی نماز مکمل کرنے کے بعد اگر چاہے تو امام کے
ساتھ باقی ماندہ گرہن کی نماز ادا کر لے .

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے .

واللہ اعلم .